تبصرے

احتساب : چھوٹا اخباری سائز کتابت وطباعت بہتر۔ چندہ سالانہ چھ روپے
پتہ : دودہ پور۔ علی گڑھ۔ مولانا محمد تقی امینی ناظم دینیات علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ملک کے مشہور اور صاحب تصانیف کثیرہ عالم اور اہل قلم ہیں۔

یہ ہفتہ وار اخبار مولانا کی ادارت میں ابھی چند ماہ سے شائع ہونا شروع ہوا ہے اور خوشی کی بات ہے کہ اس کا قدم برابر ترقی اور اصلاح کی طرف بڑھ رہا ہے۔ یوں تو ہر اشاعت میں متعدد اصلاحی اور مذہبی مضامین ہوتے ہی ہیں بڑی بات یہ ہے کہ یہ اخبار اپنے فاضل مدیر کے تعمیری اور اصلاحی افکار کا ترجمان ہوتا ہے۔ امید ہے کہ یونیورسٹی کے طلبا کے علاوہ عام مسلمان بھی اسے دلچسپی سے پڑھیں گے۔ لیکن شروع کے صفحہ پر ایک مختصر عبارت کو جلی قلم سے لکھنا اور پھر مضمون متعلقہ کے بھی بعض جملوں اور عبارتوں کو منتخب کر کے درمیان مقالہ میں الٹی سیدھی سطروں میں نمایاں طور شائع کرنا ایک مذہبی اصلاحی ہفتہ وار کے لئے نامناسب ہے۔ اس سے پروپیگنڈہ "بازی" کی بو آتی ہے اور اسی وجہ سے بعض اخباروں نے اس کو اپنا وطیرہ بنا لیا ہے۔

امریکہ کے کالے مسلمان : از ڈاکٹر مشیر الحق تقطیع خورد، ضخامت ۱۴۰ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ۔ قیمت دو روپیہ - پتہ : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ۔ جامعہ نگر۔ نئی دہلی - ۲۵۔

امریکہ کے کالے مسلمانوں پر وقتاً فوقتاً اردو اخبارات میں مضامین نکلتے رہتے ہیں۔ لیکن اب تک اردو میں اس موضوع پر کوئی مستند اور جامع کتاب نہیں تھی - یہ کتاب اس ضرورت کو باحسن وجوہ پورا کرتی ہے۔ لائق مصنف نے کناڈا میں چھ سات برس مقیم رہ کر